علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ
**شعبہ قرآن وتفسیر**

## وارننگ

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ :

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس کا نام: سورۃ النسآء اور سورہ المائدہ کا موضوعاتی مطالعہ (1955) — سمسٹر: خزاں 2026ء

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ (تخصص قرآن وتفسیر) — کل نمبر: 100

## ہدایت نامہ برائے طلباء

**بی ایس علوم اسلامیہ (ODL موڈ)**

**عزیز طلبہ ! السلام علیکم**

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

## مشق نمبر1

### (یونٹ نمبر:1تا 5 )

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر:50**

سوال نمبر ا۔ سورۃالنساء کی آیات ۱۹تا۲۱میں ذکر کردہ عہدِ نکاح کی اہمیت اور بیوی کو دیے ہوئے مال کو واپس لینے کے احکامات پر مفصل نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر ۲۔ اولوالامر سے کیا مراد ہے؟ اولوالامر کی امتیازی خصوصیات اور اسلامی نظامِ حکومت کے بنیادی اصول تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر ۳۔ سورۃالنساء کی آیات ۶۴تا ۷۰ میں بیان کردہ رسول اللہ ﷺ کی امتیازی خصائص تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر ۴۔ سورۃالنساء آیات ۸۸تا۹۱ میں ہجرت کے احکامات اور ہجرت کی مختلف صورتوں کی وضاحت کیجیے۔ (20)

سوال نمبر ۵۔ سورۃالنساء آیات کی آیات ۱۲۷تا ۱۳۰ میں یتیموں کے حقوق، عدل کے معیار اور ایثار کی حد کی وضاحت کیجیے۔ (20)

## مشق نمبر2

### (یونٹ نمبر:6 تا 9 )

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر:50**

سوال نمبر ا۔ سورۃالنساء کی آیات ۱۶۳تا۱۶۶ میں انبیاء پر نازل کردہ وحی کی اہمیت اور حقیقت کی وضاحت کیجیے۔ (20)

سوال نمبر ۲۔ اہلِ کتاب سے کون لوگ مراد ہیں؟ سورۃالمائدۃ کی آیت نمبر ۴ اور ۵ کی روشنی میں اہلِ کتاب کے ذبیحے اور ان کی عورتوں کے ساتھ نکاح کے احکامات تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر ۳۔ سورۃالمائدۃ کی آیت نمبر ۱۷ کی روشنی میں نصاریٰ کے ''عقیدۂ حلول مسیح ابن مریم'' کی وضاحت کیجیے۔ (20)

سوال نمبر ۴۔ سورۃالمائدۃ کی آیات ۴۴تا ۴۶ کی روشنی میں کتابِ الٰہی کے نزول کا حقیقی مقصد اور حدود و تعزیرات کے احکامات کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر ۵۔ سورۃالمائدۃ کی آیات ۱۰۱تا۱۰۳ کے موضوعات (فضول سوالات کی ممانعت اور دورِ جاہلیت کی نذر اور منت) پر جامع اور مفصل نوٹ تحریر کیجیے۔ (20)